فوری ریلیز کے لیے: 27/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL اور کوئینز کاؤنٹی ڈسٹرکٹ اٹارنی Melinda Katz کی جانب سے نیو یارک سٹی کی شاہراہوں پر جان بوجھ کر گاڑیوں کے حادثات کروانے کی سازش میں ملوث افراد کو سزائیں سنائے جانے کا اعلان

سنہ 2024 میں جان بوجھ کر حادثات کروانے کی منصوبہ بندی کرنے والے سرغنہ اور شریکِ سازش کو قید کی سزائیں

گورنر Hochul نے دھوکا دہی کے خلاف کریک ڈاؤن اور نیو یارک کے شہریوں کے لیے گاڑیوں کے بیمہ اقساط کم کرنے کی غرض سے اہم اصلاحات کے لیے جدوجہد کی اور انہیں منظور کروایا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور کوئنز ڈسٹرکٹ اٹارنی Melinda Katz (میلنڈا کیٹز) نے آج بروکلین کے رہائشی 53 سالہ Jaime Huiracocha (جیمی ہیوراکوچا) اور 34 سالہ Victor Murillo (وکٹر موریلو) کو سزائیں سنائے جانے کا اعلان کیا۔ دونوں افراد کو نیو یارک سٹی کی شاہراہوں پر جان بوجھ کر تین حادثات کروانے اور نقصانات اور چوٹوں کے عوض دھوکا دہی کے ذریعے بیمے کی رقوم حاصل کرنے کی کوشش سے متعلق الزامات میں قصوروار قرار دیا گیا تھا۔ اس معاملے کی تحقیقات نیو یارک محکمۂ پولیس (New York Police Department, NYPD) نے ریاست نیو یارک کے محکمۂ مالیاتی خدمات (Department of Financial Services, DFS) کے تفتیش کاروں کی معاونت سے کیں۔

آج کے اعلان کے موقع پر گورنر Hochul (ہوکل) نے ان اہم اصلاحات کو بھی اجاگر کیا جن کے لیے انہوں نے جدوجہد کی اور رواں سال کے اوائل میں انہیں منظور کروایا — ان اصلاحات کا مقصد اس دھوکا دہی کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے نیو یارک کے لاکھوں شہریوں کے اخراجات کم کرنے میں مدد دینا ہے جو ایک طویل عرصے سے گاڑیوں کے بیمے کی اقساط میں اضافے کا باعث بن رہے ہیں۔

"آج ہم ہر اس شخص کو واضح پیغام دے رہے ہیں جو دھوکا دہی کا ارادہ رکھتا ہے: اگر آپ دانستہ منصوبے کے تحت حادثات کرواتے ہیں، نیو یارک کے شہریوں کے ساتھ دھوکا دہی کی کوشش کرتے ہیں یا انہیں خطرے میں ڈالتے ہیں تو آپ کو جواب دہ ٹھہرایا جائے گا"، **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "اس نوعیت کا غیر ذمہ دارانہ اور غیر قانونی طرزِ عمل ایک طویل عرصے سے نیو یارک کے لاکھوں شہریوں کے لیے گاڑیوں کے بیمے کے اخراجات بڑھا رہا ہے۔ اس کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے ہم نہ صرف خطرناک مجرموں کو اپنی سڑکوں سے ہٹا رہے ہیں بلکہ عام ڈرائیوروں کی جیبوں میں پیسہ بھی واپس ڈال رہے ہیں"۔

گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں، ریاست نیو یارک انشورنس فراڈ سے نمٹنے اور گاڑیوں کے انشورنس پریمیمز کم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ مالی سال 2027 کے منظور شدہ بجٹ میں جعلی دعووں اور منصوبہ بندی کے تحت کروائے گئے حادثات سے نمٹنے کے لیے وسیع اصلاحات شامل کی گئی ہیں کہ جن کی وجہ سے نیو یارک کے خاندانوں کے لیے آٹو انشورنس کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔
اس میں شامل ہیں:

- استغاثہ کو یہ اختیار کہ وہ منصوبہ بندی کے تحت کروائے گئے حادثے کی منصوبہ بندی کرنے والے محض ڈرائیور ہی نہیں بلکہ کسی بھی فرد کے خلاف فوجداری سزاؤں کی درخواست کر سکے

- حادثے کے وقت غیر قانونی سرگرمی میں ملوث افراد کے لیے ہرجانے کی رقم کی حد مقرر کرنا
- قانونی تعریفوں کو مزید واضح اور سخت بنانا تاکہ یہ طے کیا جا سکے کہ 'سنگین چوٹ' سے کیا مراد ہے، اور ہرجانہ صرف ان افراد کے لیے مختص کیا جا سکے جو معروضی طور پر یہ ثابت کر سکیں کہ انہیں سنگین چوٹ پہنچی ہے
- ان افراد کے لیے ہرجانے کو محدود بنانا جو کسی حادثے کے زیادہ ذمہ دار ہوں
- انشورنس کمپنیوں کے نرخوں پر سخت نگرانی کا اطلاق
- انشورنس کمپنیوں کو گھر کی ملکیت کی کیفیت، تعلیم یا زپ کوڈ جیسے غیر متعلقہ ذاتی عوامل کی بنیاد پر نرخ مقرر کرنے سے روکنا۔

جولائی میں DFS نے ان اصلاحات پر عمل درآمد کے لیے رہنمائی جاری کی تھی۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں، DFS نے اپنے انشورنس فراڈ بیورو کی ازسرِنو تشکیل کرتے ہوئے اور اسے جدید بنا کر مالی فراڈ سے نمٹنے کے حوالے سے اپنے طریقۂ کار میں انقلابی تبدیلی کی ہے، جس میں نئی قیادت اور ماہرین کی بھرتی، جدید ٹیکنالوجی پر مبنی حلوں میں سرمایہ کاری، ضروری وسائل کا حصول اور ریاست بھر میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ شراکت داری کو مضبوط بنانا شامل ہے۔ جولائی میں، محکمۂ مالیاتی خدمات نے ریاست نیو یارک کی پولیس کے اشتراک سے قانون نافذ کرنے والے سینکڑوں اہلکاروں کو تحقیقات مزید مؤثر بنانے کے لیے خصوصی تربیت فراہم کی۔

کوئینز کی ڈسٹرکٹ اٹارنی Melinda Katz (میلنڈا کیٹز) نے کہا، "جان بوجھ کر کروائے جانے والے گاڑیوں کے حادثات نہ صرف نشانہ بنائے گئے ڈرائیوروں کو خوف زدہ کرتے ہیں بلکہ دوسرے موٹر سواروں کو بھی خطرے میں ڈالتے ہیں اور بالآخر نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے بیمے کے اخراجات میں اضافے کا باعث بنتے ہیں۔ ایک بہادر متاثرہ خاتون کی جانب سے ڈیش کیم ویڈیو فراہم کیے جانے اور میرے مالیاتی دھوکا دہی بیورو کی NYPD اور محکمۂ مالیاتی خدمات میں ہمارے شراکت داروں کے ساتھ کی گئی تحقیقات کی بدولت ہم جان بوجھ کر تین حادثات کروانے والے دو ملزمان کو مجرم قرار دلوانے میں کامیاب ہوئے۔ میں بیمے کی دھوکہ دہی کے معاملے پر ملک بھر میں قائدانہ کردار ادا کرنے اور ایسی متعدد اصلاحات نافذ کرنے پر گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کی شکر گزار ہوں جو استغاثہ کو مزید مقدمات چلانے اور نیو یارک کے شہریوں کے پیسے بچانے میں مدد دیں گی"۔

محکمۂ مالیاتی خدمات کی قائم مقام سپرنٹنڈنٹ Kaitlin Asrow (کیٹلن ایسرو) نے کہا، "بیمہ کی دھوکہ دہی تمام ڈرائیوروں کے لیے اخراجات بڑھاتی اور نیو یارک کے بیمہ کے نظام پر بوجھ ڈالتی ہے۔ دھوکا دہی کے خلاف کارروائی، نیو یارک کے شہریوں کے لیے بیمہ کے اخراجات کم کرنے کے گورنر Hochul (ہوکل) کے جامع منصوبے پر عمل درآمد کے لیے محکمۂ مالیاتی خدمات کی مسلسل کوششوں کا حصہ ہے۔ میں گورنر، کوئینز کی ڈسٹرکٹ اٹارنی اور نیو یارک محکمۂ پولیس کی شراکت داری پر ان کی شکر گزار ہوں"۔

Huiracocha (ہیوراکوچا) نے مئی میں تیسرے درجے کی بیمہ کی دھوکہ دہی اور پانچویں درجے کی سازش کے الزامات میں جرم قبول کیا تھا۔ کوئینز سپریم کورٹ کے جسٹس Jerry Iannece (جیری ایانیس) نے پہلے الزام میں اسے ایک سے تین سال قید اور دوسرے الزام میں ایک سال قید کی سزا سنائی، دونوں سزائیں بیک وقت پوری کی جائیں گی۔

Murillo (موریلو) نے دوسرے درجے میں موٹر گاڑی کا حادثہ جان بوجھ کر کروانے، چوتھے درجے کی بیمہ کی دھوکہ دہی اور پانچویں درجے کی سازش کے الزامات میں جرم قبول کیا تھا۔ جسٹس Iannece (ایانیس) نے پہلے دو الزامات میں اسے دو سال قید اور تیسرے الزام میں ایک سال قید کی سزا سنائی، جو بیک وقت پوری کی جائیں گی۔

تفتیش کاروں کے مطابق 24 اگست 2024 سے 16 اکتوبر 2024 کے درمیان Huiracocha (ہیوراکوچا) اور Murillo (موریلو) نے بیمہ کی دھوکہ دہی کے ایک منصوبے کے تحت نیو یارک سٹی کی شاہراہوں پر جان بوجھ کر گاڑیوں کے حادثات کروانے کی سازش کی۔ ملزمان نے تین الگ الگ گاڑیوں کے حادثات میں حصہ لینے کے لیے لوگوں کو بھرتی کیا اور انہیں ہزاروں ڈالر نقد دینے کا لالچ دیا۔

ان حادثات کے لیے Murillo (موریلو) کو باقاعدہ ڈرائیور مقرر کیا گیا تھا۔ جان بوجھ کر کروائے گئے ہر حادثے کے دوران ملزم اچانک اور دانستہ طور پر اپنی گاڑی کے بریک لگا دیتا تھا، جس کے نتیجے میں پیچھے آنے والی گاڑی اس کی گاڑی کے پچھلے حصے سے ٹکرا جاتی تھی۔ ایک موقع پر جب پیچھے آنے والی گاڑی کے ڈرائیور نے بروقت بریک لگا کر تصادم سے بچنے میں کامیابی حاصل کی تو Murillo (موریلو) نے اپنی گاڑی ریورس کر کے اس گاڑی سے ٹکرا دی اور حادثہ کر دیا۔

ان جان بوجھ کر کروائے گئے حادثات کے دوران Huiracocha (ہیوراکوچا) ایک الگ گاڑی چلاتا، شاہراہ پر Murillo (موریلو) کا پیچھا کرتا اور اسے ہدایات دیتا تھا کہ حادثہ کب اور کس طرح کروانا ہے۔ حادثات کے بعد Murillo (موریلو) ہر گاڑی کی اگلی مسافر نشست پر آ جاتا اور مسافر والی جانب سے گاڑی سے باہر نکلتا تھا۔ پچھلی نشست پر بیٹھے مسافر پچھلی کھڑکی کو ترپال یا پلاسٹک کے تھیلے سے ڈھانپ دیتے تھے، جس کے باعث Murillo (موریلو) کی یہ حرکات نظر نہیں آتی تھیں۔

اس کے بعد Murillo (موریلو) ہر مرتبہ موقع سے فرار ہونے والی اس گاڑی میں بیٹھ کر وہاں سے نکل جاتا جو اس کی چلائی ہوئی گاڑی کے آگے آ کر رکتی تھی۔ تینوں حادثات میں Murillo (موریلو) کی گاڑی میں باقی رہ جانے والے افراد گاڑی سے باہر نکلتے اور زخمی ہونے کا ڈراما کرتے تھے۔ Huiracocha (ہیوراکوچا) ان افراد کو ہدایت دیتا تھا کہ حادثات کے بعد مخصوص طبی کلینکوں میں جائیں۔

جان بوجھ کر کروائے گئے یہ حادثات درج ذیل تاریخوں کو پیش آئے:

- 24 اگست 2024 کو تقریباً صبح 8 بجے لانگ آئی لینڈ کی ایک 47 سالہ خاتون بیلٹ پارک وے پر ایرسکائن اسٹریٹ کے خروج کے قریب مغرب کی جانب گاڑی چلا رہی تھی۔ سلور رنگ کی Honda Civic (ہونڈا سوک) جسے Murillo (موریلو) چلا رہا تھا عین اس کے سامنے والی لین میں آ گئی اور رک گئی، جس کے باعث خاتون کی گاڑی اس سے ٹکرا گئی۔ متاثرہ خاتون کی گاڑی کے ڈیش کیم کی ویڈیو میں Murillo (موریلو) کو ہونڈا سے نکل کر سرخ رنگ کی Kia (کِیا) میں سوار ہوتے دیکھا گیا، جو حادثے کے بعد اس کے عین سامنے آ کر رکی تھی۔
- 3 اکتوبر 2024 کو تقریباً دوپہر 12 بجے نیو جرسی کا ایک 44 سالہ شخص لنڈن وڈ میں کراس بے بلیوارڈ کے قریب نساؤ ایکسپریس وے کی درمیانی لین میں اپنا ٹریکٹر ٹریلر چلا رہا تھا۔ Murillo (موریلو) کی جانب سے چلائی جانے والی Nissan Xterra (نسان ایکسٹیرا) اچانک ٹرک کے عین سامنے درمیانی لین میں آ گئی۔ ٹرک ڈرائیور Nissan (نسان) سے ٹکرانے سے نہ بچ سکا۔ Murillo (موریلو) Nissan (نسان) سے باہر نکلا، اپنے سامنے رکی ایک دوسری گاڑی میں سوار ہوا اور فوری طور پر موقع سے فرار ہو گیا۔ اسی دوران ایک خاتون نے ٹرک ڈرائیور سے دعویٰ کیا کہ حادثے کے وقت Nissan (نسان) وہ چلا رہی تھی۔ Murillo (موریلو) کو لے کر فرار ہونے والی گاڑی کے وہاں سے روانہ ہونے کے بعد ایک اور گاڑی جائے حادثہ پر آ کر رکی۔ Huiracocha (ہیوراکوچا) اس گاڑی سے باہر نکلا اور ٹرک ڈرائیور سے بات کی۔
- 16 اکتوبر 2024 کو تقریباً دوپہر 12 بجے کوئنز کی ایک 31 سالہ خاتون روزڈیل میں نساؤ کاؤنٹی کی سرحد کے قریب بیلٹ پارک وے کی بائیں لین میں شمال کی جانب گاڑی چلا رہی تھی۔ Murillo (موریلو) کی جانب سے چلائی جانے والی Honda Civic (ہونڈا سِوک) خاتون کی گاڑی کے آگے آ گئی اور اچانک رک گئی۔ متاثرہ خاتون کو تصادم سے بچنے کے لیے اپنی گاڑی کے بریک لگانا پڑے۔ اس کے بعد Murillo (موریلو) نے تیزی سے Honda (ہونڈا) ریورس کی اور اسے متاثرہ خاتون کی گاڑی سے ٹکرا دیا، جس سے دونوں گاڑیوں کو نقصان پہنچا۔ ڈیش کیم ویڈیو میں نہ صرف تصادم بلکہ ایک سرخ Kia Sportage (کِیا اسپورٹیج) کو بھی خاتون کی گاڑی کے پیچھے آتے ہوئے دیکھا گیا۔ حادثے کے بعد Kia (کِیا)، Honda (ہونڈا) کے سامنے آ کر رک گئی۔ Murillo (موریلو)، جو اگلی مسافر نشست پر آ گیا تھا، اسی جانب سے Honda (ہونڈا) سے باہر نکلا۔ اس کے بعد وہ Kia (کِیا) میں سوار ہوا اور اسے جائے حادثہ سے لے جایا گیا۔

ان حادثات میں مبینہ طور پر شریک ملزمان Maikel Martinez (مائیکل مارٹینیز) اور Ivon Matus-Martinez (ایوون ماتوس-مارٹینیز) نے بھی جرم قبول کر لیا ہے اور توقع ہے کہ انہیں آئندہ ماہ سزائیں سنائی جائیں گی۔

رکنِ اسمبلی David Weprin (ڈیوڈ ویپرن) نے کہا، "جان بوجھ کر کروائے جانے والے حادثات محض بیمے کی دھوکہ دہی نہیں بلکہ خطرناک جرائم ہیں جن کے ذریعے بے گناہ موٹر سواروں اور خاندانوں کو دانستہ طور پر خطرے میں ڈالا جاتا ہے۔ اسمبلی کی بیمہ کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے مجھے معلوم ہے کہ اس قسم کی دھوکا دہی ہمارے بیمہ کے نظام پر غیر ضروری اخراجات کا بوجھ بھی ڈالتی ہے، جسے بالآخر دیانت دار نیو یارک کے شہریوں کو ہی برداشت کرنا پڑتا ہے۔ میں کوئینز ڈسٹرکٹ اٹارنی Melinda Katz (میلنڈا کیٹز)، گورنر Hochul (ہوکل) اور قانون نافذ کرنے والے ہمارے شراکت داروں کو ان اسکیموں کے خلاف سنجیدہ کارروائی کرنے اور ذمہ دار افراد کو جواب دہ ٹھہرانے پر سراہتا ہوں۔ ہمیں دھوکا دہی کا مقابلہ کرنے، موٹر سواروں کو تحفظ فراہم کرنے اور نیو یارک کے شہریوں کے لیے گاڑیوں کے بیمے کو مزید قابلِ استطاعت بنانے کے لیے مل کر کام جاری رکھنا ہو گا"۔

کوئی بھی فرد جسے شبہ ہو کہ وہ بیمہ کی دھوکہ دہی کا شکار ہوا ہے، اسے ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ بیمہ کی دھوکہ دہی کی ہاٹ لائن 888-372-8369 پر رابطہ کرے یا آن لائن رپورٹ درج کروانے کے لیے dfs.ny.gov/consumers ملاحظہ کرے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔